© rasailojaraid.com






محمد رمضان یوسف سلفی

# تبصرہ کتب

نام کتاب: فروغِ اسلام کارواں (اشاعتِ خاص ہفت روزہ اہل حدیث لاہور)

صفحات: 90

قیمت: 30 روپے صرف

ناشر و ملنے کا پتہ: مینجر ہفت روزہ اہل حدیث' 106 راوی روڈ لاہور۔

مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کا شمار وطن عزیز پاکستان کی متحرک و بالغ النظر دینی جماعتوں میں ہوتا ہے۔ اس جماعت کے افراد نے حصول پاکستان کے لیے بھی بے شمار قربانیاں دیں اور قیامِ پاکستان کے بعد مرکزی جمعیت اہل حدیث نے ملکی استحکام اور سالمیت کے لیے گرانقدر خدمات سرانجام دیں۔ مرکزی جمعیت اہل حدیث کی شروع دن سے یہ پالیسی رہی ہے کہ ملکی سیاست میں رہ کر حق کی آواز کو بلند کیا جائے۔ حالیہ ملکی صورتحال کے پیش نظر مرکزی جمعیت اہل حدیث اپنے مشن پر ثابت قدمی سے سرگرم عمل ہے۔

پروفیسر علامہ ساجد میر صاحب کی قیادت میں مرکزی جمعیت اہل حدیث نے حکومت پاکستان کی اسلام دشمن اور روشن خیال پالیسیوں کی بیخ کنی اور اسلام کی سچی تعلیم سے لوگوں کو آگاہ کرنے کی خاطر ایک پروگرام "فروغِ اسلام کارواں" کے نام سے تشکیل دیا۔ اس کارواں نے 10 فروری 2007ء کو اپنے سفر کا آغاز کیا اور پروفیسر ساجد میر صاحب نے اپنے رفقاء کے ہمراہ پورے پنجاب کا طوفانی دورہ کیا۔ میر صاحب پنجاب کے جس ضلع' شہر یا قصبے سے گزرے' وہاں کی جماعت اہل حدیث کے اکابر و اصاغر علماء و عوام نے بھرپور طریقے سے ان کا استقبال کیا اور ان کی اس جدوجہد کی تحسین کی۔ "فروغِ اسلام کارواں" کے لیے جماعت کے ناظمِ اعلیٰ حافظ عبدالکریم نے بھی قابل قدر خدمات سرانجام دیں۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



پیش نگاہ ''فروغِ اسلام کارواں'' ایڈیشن ہفت روزہ اہل حدیث لاہور کی اشاعت خاص ہے جو 90 صفحات کا احاطہ کیے ہوئے ہے۔ اس میں اس کا یہ ایک اہم باب ہے' جسے ہفت روزہ اہل حدیث اپنی ایک اشاعت کی صورت میں قارئین کی خدمت میں پیش کیا ہے۔

مبارکباد اور قابل قدر ہیں پروفیسر ساجد میر صاحب' حافظ عبدالکریم صاحب' محترم رانا شفیق پسروری صاحب اور ان کے تمام رفقاء جنہوں نے ظلم و جبر کی آندھی اور طوفان کے آگے بندھ باندھنے کی ہمت کی اور لاکھ پابندیوں کے باوجود نامساعد حالات اور موسم کی حدت و شدت کی پروا کیے بغیر ایسا فروغِ اسلام کارواں نکالا جس سے جماعت اہل حدیث کی افرادی قوت کھل کر سامنے آئی۔ محترم بشیر انصاری صاحب کی یہ بہت بڑی جماعتی خدمت ہے کہ انہوں نے محنت و جاں فشانی سے اس کارواں سے متعلق رپورٹیں اور خبریں ترتیب دے کر اسے کتابی صورت میں گلدستہ بنا کر قارئین کی خدمت میں پیش کیا۔ جماعتی تاریخ سے دلچسپی رکھنے والوں کے لیے اس اشاعت خاص میں ان کی دلچسپی کا پورا سامان موجود ہے۔

☆......☆......☆......☆......☆......☆

| | |
|---|---|
| نام کتاب: | زبان' عقل اور دل کی ترجمان ہے |
| مصنف: | مولانا عبدالرحمٰن عزیز اللہ آبادی |
| صفحات: | 64 قیمت: 16 روپے صرف (ڈاک خرچہ) |
| ناشر و ملنے کا پتہ: | مولانا عبدالرحمٰن عزیز اللہ آبادی۔ ادارہ امر بالمعروف حسین خان والا نمبر 8' براستہ پتوکی ضلع قصور۔ |

مولانا عبدالرحمٰن عزیز اللہ آبادی حفظہ اللہ تحریر و نگارش کے حوالے سے جماعت اہل حدیث کے معروف اہل قلم ہیں۔ ان کی قلمی نگارشات جماعتی رسائل میں شائع ہوتی رہتی ہیں۔ مولانا محترم صاحبِ علم محقق' مصنف' خطیب اور مضمون نگار ہیں۔ تحقیقی مضامین کے علاوہ کئی چھوٹے بڑے رسائل اور کتب ان کے گوہر بار قلم سے معرض وجود میں آ کر شائع ہو چکی ہیں۔ وہ خلوص' للّٰہیت' سادگی اور اپنے علم و عمل سے دعوتِ دین میں مصروف عمل ہیں۔ ان کی سرگرمیوں کا محور فقط کتاب و سنت کی اشاعت ہے۔ توحید و سنت کا احیاء'



© rasailojaraid.com